Institute الهداية Al-Hidayah

جادو سے حفاظت کی دعائیں

- صبح و شام کے اذکار اور حفاظت کی دعائیں اور شفا کی دعائیں پڑھیں۔
- صبح شام، ہر نماز کے بعد اور سونے سے قبل آیت الکرسی اور معوّذات (سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ، سُوْرَةُ الْفَلَقِ، سُوْرَةُ النَّاسِ) پڑھیں (صحیح البخاری: 5748)
- سُوْرَةُ الْبَقَرَة کی آخری دو آیات ((اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ))
روزانہ رات کو گھر میں پڑھیں (صحیح البخاری: 4008)
- صبح نہار منہ سات عدد عجوہ کھجور کھائیں (صحیح البخاری: 5445)
- مسنون طریقہ علاج حجامہ کروائیں (مسند احمد، ج: 19، 12045 صحیح)
- شرعی دم خود پڑھیں یا کسی قاری کی آواز میں بار بار مریض کو سنوائیں

(آڈیو کیسٹ: آسیب، جادو اور نظر بد کا علاج از سعد الغامدی : QO33)

- اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللهِ الْعَظِيمِ الَّذِيْ لَيْسَ شَيْءٌ اَعْظَمَ مِنْهُ وَبِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَلَا فَاجِرٌ وَبِاَسْمَاءِ اللهِ الْحُسْنٰى كُلِّهَا مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَبَرَاَ وَذَرَاَ (موطأ امام مالك، كتاب الشعر: 12)

میں اللہ کے عظیم چہرے کی پناہ لیتا ہوں جس سے عظیم کوئی اور چیز نہیں ہے ۔ اور اللہ کے مکمل کلمات کے ساتھ (پناہ لیتا ہوں)جن سے کوئی نیک اور فاجر آگے نہیں بڑھ سکتا اور اللہ کے تمام اسمائے حسنی کے ساتھ (پناہ لیتا ہوں)جنہیں میں جانتا ہوں اور جنہیں میں نہیں جانتا اس چیز کے شر سے جسے اس نے پیدا کیا ، بنایااور پھیلایا۔

YouTube : Al-Hidayah Institute
Email : alhidayahinstitute36@gmail.com
Instagram : Al-Hidayah Institute
Facebook : Al-Hidayah Institute